تصحیح شدہ

پریس ریلیز

وزیر اعظم کے " بجلی بچاؤ "پروگرام کے تحت جنرل ہسپتال میں پائلٹ پروجیکٹ کا پہلا مرحلہ مکمل

انرجی ایجنسی نے 80تا150واٹ کے 1300پنکھے تبدیل کر کے 60واٹ کے نصب کر دیئے

دوسرے مرحلے میں 5061ایل ای ڈی لائٹس کی تبدیلی کا عمل شروع ہوگا:پرنسپل پی جی ایم آئی

اس اقدام سے بجلی کے بحران پر قابو پانے میں مدد ملے گی، بل میں بھی سالانہ لاکھوں روپے بچیں گے

نیشنل گریڈ اسٹیشن سے ایل جی ایچ کو بجلی کی سپلائی سے وولٹیج کی کمی بیشی دور کر دی گئی :پروفیسر الفرید ظفر

سربراہ جنرل ہسپتال کا وزیر اعلی پنجاب عثمان برزاد، وزیر توانائی ڈاکٹر اختر ملک اور وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد سے اظہار تشکر

لاہور8 نومبر:......پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے بتایا ہے کہ لاہور جنرل ہسپتال میں چھتوں کے پرانے پنکھے تبدیل کر کے وزیر اعظم پاکستان عمران خان کے بجلی بچاؤ پروگرام کے پائلٹ پروجیکٹ کا آغاز کر دیا گیا ہے اور اس مقصد کیلئے پنجاب انرجی ایفی شینسی اینڈ کنزرویشن ایجنسی نے پہلے مرحلہ میں 80تا150 واٹ کے 1300 پنکھے تبدیل کر کے ان کی جگہ بجلی کم خرچ کرنے والے انرجی ایفی شنٹ 60واٹ کے پنکھے نصب کر دیئے ہیں جبکہ 5061 ایل ای ڈی لائٹس کی تبدیلی کا عمل بھی جلد شروع کر دیا جائے گا۔ اس پائلٹ پروجیکٹ سے نہ صرف بجلی کے استعمال میں کمی لا کر بحران پر قابو پانے میں مدد ملے گی بلکہ ہسپتال بھی سالانہ لاکھوں روپے بجلی کی مد میں بچا سکے گا۔ یہ رقم مریضوں کی فلاح وبہبود پر خرچ کی جائے گی اور ادارہ زیادہ بہتر انداز میں کام کر سکے گا۔ **سربراہ جنرل ہسپتال نے وزیر اعلی پنجاب سردار عثمان برزاد، وزیر توانائی ڈاکٹر اختر ملک اور وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد کا شکریہ ادا کیا جن کی ذاتی دلچسپی سے بجلی بچاؤ پروگرام کا پہلا مرحلہ پایا تکمیل تک پہنچ سکا۔**

اس امر کا اظہار پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو میں کیا۔ میڈیکل سپر نٹنڈنٹ جنرل ہسپتال ڈاکٹر عبدالرزاق، اے ایم ایس ڈاکٹر ریاض حفیظ، الیکٹریکل انجینئر ظفر مختار اور انجینئر عمران بشیر بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ صوبائی حکومت کے احکامات کی روشنی میں پنجاب انرجی ایفی شنسی اینڈ کنزرویشن ایجنسی (PEECA) نے ایل جی ایچ سے اپنے منصوبے کا آغاز کیا جو خوش آئند امر ہے اور جنرل ہسپتال انتظامیہ بجلی بچانے کی حکومت کی مہم میں بھرپور تعاون فراہم کرے گی اور اس ضمن میں عوام میں بھی شعور اجاگر کیا جائے گا۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا یہ امر بھی باعث اطمینان ہے کہ پنکھوں اور لائٹس کی تبدیلی کیلئے ہسپتال کے وسائل پر انحصار کرنے کی بجائے وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد کی ذاتی دلچسپی سے حکومت نے مذکورہ ایجنسی کو فنڈز فراہم کئے ہیں جن کے استعمال سے منصوبے پر عمل درامد کیا جا رہا ہے۔ پرنسپل پی جی ایم آئی نے انکشاف کیا کہ حکومت نے جنرل ہسپتال کو ایک مثالی شفا خانہ بنانے کیلئے فراخ دلی کے ساتھ وسائل فراہم کئے ہیں اور حال ہی میں 132 کے وی کا گریڈ اسٹیشن بھی فنکشنل ہو گیا ہے جبکہ نیشنل گریڈ اسٹیشن کی بجلی کی سپلائی سے وولٹیج کی کمی بیشی دور ہوگئی ہے جس کی وجہ سے قیمتی طبی الات محفوظ ہو چکے ہیں۔ نیز غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے چھٹکارا ملنے پر مریضوں، لواحقین اور سٹاف نے بھی سکھ کا سانس لیا۔ پروفیسر الفرید ظفر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد کی مریض دوست پالیسیوں کو آگے لے جائیں گے تاکہ عوام کو سرکاری ہسپتالوں میں بہتر سے بہتر طبی سہولیات مل سکیں اور ان کا احسن انداز میں علاج معالجہ ہو سکے۔

☆☆☆☆